## ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں ایم کیوایم کی جانب سے جمع کروائے گئے لینڈ ریفارم بل کی منظوری کے لئے پارلیمنٹ میں اپنا کردار ادا کریں۔الطاف حسین

## ایم کیوایم بلٹ کے بجائے بیلٹ کے ذریعہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے

## لینڈ ریفارم بل قومی اسمبلی میں جمع کروانے پرحق پرست ارکان پارلیمنٹ کو الطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔12اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کی جانب سے لینڈ ریفارم بل LAND REFORM BILL جمع کرانے پر ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈروں اورتمام حق پرست اراکین سینٹ اورقومی اسمبلی کودل کی گہرائیوں سے مبارکباددی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہاکہ لینڈ ریفارم بل کو پارلیمنٹ میں پیش کرنے کے بعداب پاکستان کے مظلوم اورمحکوم عوام کا فرض ہے کہ وہ ملک کی بقاءاورسلامتی کے لئے اور ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام اورکرپٹ سیاسی کلچر کے خاتمہ کے لئے میدان عمل میں آکر اپنا قومی فرض ادا کریں۔انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم ملک میں شعوری بیداری کے ذریعہ پرامن انقلاب لانا چاہتی ہے اور بلٹ کے بجائے بیلٹ کے ذریعہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ ایم کیوایم حقیقت پسندی اورعملیت پسندی کے فکروفلسفہ پر یقین رکھتی ہےاورہم صرف دعوےنہیں کرتے بلکہ جوکہتے ہیں اس پرعمل بھی کرتے ہیں۔انہوں نے مزید کہاکہ ایم کیوایم اپنے منشور کے مطابق اپنے فیصلے کررہی ہےاورسرکاردوعالمؐ کی تعلیمات کی روشنی میں غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کے مسائل کے حل کے لئے ہرسطح پراپنا کردارادا کررہی ہے۔انہوں نے کہاکہ قرآن مجید میں واضح طور پرلکھاہے کہ "خدااس قوم کی حالت نہیں بدلتا جوقوم خوداپنی حالت بدلنانہ چاہے"۔لہٰذاپاکستانی قوم کے ہرفرد کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ صرف تنقید نہ کرے بلکہ انفرادی طور پراپنی اپنی اصلاح بھی کرےاورمسائل کے حل کیلئے تجاویز بھی پیش کرے۔جناب الطاف حسین نے ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کودعوت دی کہ وہ ملک سے جہالت، بےروزگاری اورغربت کے خاتمہ اورملک کی ترقی وخوشحالی کے لئے ایم کیوایم کی جانب سےجمع کروائے گئے لینڈ ریفارم بل LAND REFORM BILL کی منظوری کے لئے پارلیمنٹ میں اپنا کردارادا کریں۔

## ڈاکٹرعمران فاروق کےقتل سے تنظیم ایک سینئر رہنماء جبکہ ملک ایک اچھے سیاست دان سے محروم ہوگیا ہے

## گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العبادخان ایم کیوایم کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق شہید کےوالدین سے ملاقات،

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پراظہارتعزیت

کراچی۔۔۔12اکتوبر2010ء

گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العبادخان نے منگل کے روزایم کیوایم کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق شہید کی رہائش گاہ واقعہ شریف آبادجاکران کے والدین اوردیگراہل خانہ سے ملاقات کی اورلندن میں ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرتعزیت کا اظہارکیا۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اورحق پرست صوبائی وزیررضاہارون،حق پرست ارکان قومی و صوبائی اسمبلی ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران بھی موجود تھے۔گورنرسندھ عشرت العبادخان نے کہاکہ ڈاکٹرعمران فاروق سادہ لوح انسان تھےاوروہ جناب الطاف حسین سے گہری عقیدت رکھتے تھے۔انہوں نے کہاکہ ڈاکٹرعمران فاروق کاقتل نہ صرف ایم کیوایم بلکہ ملک کا بڑانقصان ہےان کےقتل سے تنظیم ایک سینئر رہنماء جبکہ ملک ایک اچھے سیاست دان سےمحروم ہوگیاہے۔انہوں نے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرشدید مذمت کا اظہارکرتے ہوئے امیدظاہرکی کہ برطانیہ حکومت جلدازجلدڈاکٹرعمران فاروق کے قاتلوں کوگرفتار کرکے کیفرکردارتک پہنچائے گی۔گورنرسندھ نے ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی بلند درجات اوران کی مغفرت جبکہ شہید کے والدین،دیگراہل خانہ،ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کیلئے صبرجمیل کی دعا کی۔

## انقلابی تحریکوں میں کامیابیوں کا ثمر بے پناہ قربانیوں کے بعد ملتا ہے، کنور نوید جمیل رکن رابطہ کمیٹی ایم کیو ایم
## ایم کیو ایم غریب و متوسط طبقے کو اقتدار کے ایوانوں میں پہنچانا چاہتی ہے

ملتان۔۔۔12 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل نے ایم کیو ایم ملتان زون پر کارکنان سے جنرل ورکرز اجلاس میں بات کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد کا مقصد غریب لوگوں کو یکساں برابری کے حقوق دلوانا ہے۔اس جنرل ورکرز اجلاس میں رکن رابطہ کمیٹی افتخار اکبر رندھاوا،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین اور ملتان زون کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم سے پہلے محال تھا کہ کوئی غریب آدمی بھی الیکشن لڑے ایم کیو ایم دولت مند ہونے یا امیر ہونے کے خلاف نہیں ہے بلکہ ایم کیو ایم چاہتی ہے کہ خوشحال طبقات کے ساتھ ساتھ غریب و متوسط طبقے کے لوگوں کو بھی برابر کا انسان سمجھا جائے۔ایم کیو ایم جاگیرداروں وڈیروں سرداروں اور ملکی دولت لوٹنے والوں کے خلاف ہے انہوں نے یہ بھی کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ایم کیو ایم کے عہدے دار نہیں ہیں اور نہ ہی قائد تحریک نے کبھی کوئی سیاسی عہدہ قبول کیا قائد تحریک کی جدوجہد کا مقصد غریب و متوسط طبقے کے لوگوں کو اقتدار میں شراکت دلانا ہے انقلابی تحریکوں میں قربانیوں کا ثمر بے پناہ قربانیوں سے ملتا ہے۔آج متحدہ قومی موومنٹ عروج کے جس مقام پر ہے اس میں قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ان کے وفادار کارکنان کی قربانیاں شامل ہیں جنہوں اس جدوجہد کی کامیابی اور نظریے کے فروغ کیلئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ تک پیش کر دیا ملتان میں ایم کیو ایم کے کارکنان کو چاہئے کہ قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام حق پرستی گلی گلی محلّہ محلّہ عام کریں انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایم کیو ایم میں لیڈر صرف قائد تحریک الطاف حسین بھائی ہیں باقی سب کارکنان ہیں انقلابی تحریک کے کارکنان کو صلہ کی تمنا اور ستائش کی آرزو کے بغیر جدوجہد جاری رکھنا چاہئے انہوں نے کہا کہ کارکنان تحریکی کام دل جمعی سے آگے بڑھانے کیلئے بھرپور جدوجہد کریں۔

## قائد تحریک الطاف حسین پاکستان اور پاکستانیوں سے محبت کرتے ہیں۔
## رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شہوانی کی جہانیاں اور خانیوال میں کارکنوں کی تربیتی نشست سے گفتگو۔

ملتان۔۔۔12 اکتوبر 2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شہوانی نے جہانیاں اور خانیوال میں کارکنوں کی تربیتی نشست لی۔اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وسیم قریشی اور زونل ممبر راؤ فرمان انکے ہمراہ تھے۔اس موقع پر کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔تربیتی نشست میں بات کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین پاکستان اور پاکستانیوں سے محبت کرتے ہیں اور فرسودہ نظام کی تبدیلی کر کے پاکستان کو معاشی طور پر خوشحال ،ترقی یافتہ اور باوقار ملک بنانا چاہتے ہیں ۔پاکستان میں گزشتہ 63 سالوں سے جاگیرداروں ،وڈیروں نے ملکی سیاست پر قبضہ کر رکھا ہے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین نے نیا سیاسی کلچر متعارف کروایا ہے جس میں غریب و متوسط طبقے کے پڑھے لکھے باصلاحیت لوگوں کو اقتدار کے ایوانوں میں بھیجا۔قائد تحریک الطاف حسین پاکستان کے صدر یا وزیر اعظم نہیں بننا چاہتے بلکہ فیوڈل سسٹم کا خاتمہ کر کے مڈل کلاس آرڈر کا قیام چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا ڈسپلن پوری دنیا میں مثالی ہے۔کارکنان خانیوال کی گلی گلی ،محلّہ محلّہ قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام حق پرستی عام کریں اور نوجوانوں ،طالب علموں کو آگے بڑھ کر اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔

## منچھر جھیل کے زہریلے پانی کے دریائے سندھ میں اخراج کو روکنے کیلئے اقدامات کئے جائیں،اشفاق منگی،گلفراز خان خٹک

کراچی۔۔۔12،اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی اور گلفراز خان خٹک نے منچھر جھیل کے زہریلے پانی کے دریائے سندھ میں اخراج پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ منچھر جھیل سے زہریلے پانی کے اخراج کو روکنے کیلئے فی الفور عملی اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔اپنے مشترکہ بیان میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ منچھر جھیل سے زہریلا پانی دریائے سندھ میں داخل ہونے سے نہ صرف آبی حیات بلکہ لوگوں کی زندگیوں کو بھی شدید خطرات لاحق ہوگئے ہیں اور ماہی گیری کے پیشے سے وابستہ افراد کا روزگار خطرے سے دوچار ہو چکا ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ منچھر جھیل سے زہریلے پانی کے دریائے سندھ میں اخراج کو روکنے کیلئے فی الفور عملی نوعیت کے اقدامات کئے جائیں اور اس کی تحقیقات کرائی جائے۔

## جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ ہی جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں سے نجات کا واحد ذریعہ ہے، سیف الدین خالد

## پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کی نشست پر ضمنی الیکشن کے سلسلے میں اورنگی ٹاؤن 11E میں دکانداروں، تاجروں اور سے ملاقاتیں اور گفتگو

کراچی۔۔۔12، اکتوبر 2010ء

اورنگی ٹاؤن پی ایس 94 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی عناصر اور فرسودہ نظام سے منسلک جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں سے نجات کا واحد ذریعہ ہے، جناب الطاف حسین نے غریب و متوسط طبقے کے حقوق کا صرف نعرہ ہی بلند نہیں کیا ہے بلکہ اس کیلئے عملی جدوجہد بھی کی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضمنی الیکشن کے سلسلے میں جاری اپنی انتخابی مہم کے موقع پر اورنگی ٹاؤن ایریا 11/E میں مختلف دکانداروں اور تاجروں اور عوامی اجتماعات سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر لوگوں نے سیف الدین خالد کو اپنے درمیان دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا اور 17 اکتوبر کو ہونے والے ضمنی الیکشن میں زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرانے کی یقین دہانی کرائی۔سیف الدین خالد نے اجتماعات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ملک کے منتخب ایوانوں میں جانے والا ہر حق پرست نمائندہ عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہے اور جناب الطاف حسین کی ہی واضح ہدایت کی روشنی میں ہر حق پرست منتخب نمائندہ بلاتفریق عوامی خدمات کے کارہائے نمایاں انجام دے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام سے اپیل کی کہ وہ 17 اکتوبر کے دن اپنے ووٹ کا حق ضرور استعمال کریں اور اس دن نام نہاد اور منافق سیاسی جماعتوں کے لوگوں کو ایک مرتبہ پھر مسترد کر کے ثابت کردیں کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت و محبت رکھتے ہیں

## ایم کیو ایم سیاست برائے خدمت کے طور پر کررہی ہے اور دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے حق پرست ارکان اسمبلی

## ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام نارتھ کراچی سیکٹر میں امدادی تقریب کا انعقاد

## مستحقین، غریب و ناداروں میں غذائی اجناس کی تقسیم

کراچی۔۔۔12، اکتوبر 2010ء

ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137/A میں امدادی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔جس میں مستحقین، غریب و ناداروں میں غذائی اجناس تقسیم کی گئیں۔اس موقع پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی عبدالوسیم، رکن سندھ اسمبلی معین خان، صوبائی مشیر برائے وزیراعلیٰ سندھ خواجہ اظہار الحسن کے علاوہ ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر کمیٹی و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔امدادی سامان میں آٹا، دالیں، گھی، چاول، چائے کی پتی، خشک دودھ، تیل بسکٹ کے پیکٹ اور روزمرہ کی اشیاء خردنوش شامل ہیں۔امدادی تقریب سے حق پرست ارکان اسمبلی نے تقریب کے شرکاء اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم سیاست برائے خدمت کے طور پر کررہی ہے اور دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ اس کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلاتفریق، رنگ و نسل، زبان عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ہر مشکل وقت میں روزانہ کی بنیاد پر یتیم، مساکین و ناداروں خاندانوں کی کفالت کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نامزد کردہ اور عوام کے نومنتخب اُمیدوار ہمیشہ عوام کے درمیان رہے کرانکے بنیادی مسائل کے حل میں کوشاں رہتے ہیں۔اس موقع پر حاضرین تقریب نے ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیوں کو زبردست میں انداز میں سراہا اور ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ہر ممکن تعاون پر انکا شکریہ ادا کیا اور قائد تحریک کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعا بھی کی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بلوچستان کی تحصیل جعفرآباد کے علاقے ڈیرہ اللہ یار میں سیلاب متاثرین میں امدادی سامان کی تقسیم

## متاثرین کی جانب سے امداد کی فراہمی پر قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت و تندرستی کیلئے دعائیں

کوئٹہ۔۔۔12 / اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بلوچستان کی تحصیل جعفرآباد کے علاقے ڈیرہ اللہ یار کے سیلاب متاثرہ سینکڑوں خاندانوں میں بھاری مقدار میں امدادی سامان تقسیم کیا گیا۔امدادی سامان میں غذائی اجناس کے سینکڑوں پیکٹس جس میں خاندان بھر کیلئے مہینے کا مکمل راشن، واٹر کولر، کمبل اور پینے کا صاف پانی شامل ہے جسے ایم کیو ایم بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے ارکان انور خان ترین، اکبر مینگل، عبدالغنی کاسی اور ثنا اللہ مرغزانی نے اپنے ہاتھوں سے ڈیرہ اللہ یار کے سیلاب متاثرین میں تقسیم کیا۔اس موقع پر متاثرین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور قائد تحریک الطاف حسین کی صحت و تندرستی، درازی عمر اور ایم کیو ایم کی کامیابی کیلئے دعائیں کیں۔

## کراچی میں بجلی کے سنگین بحران کا نوٹس لیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی

## لوڈشیڈنگ کے خاتمے اور بجلی کی ترسیل عوامی خدمت کے طور پر لی جائے تو اس بحران سے نکلنا کوئی مشکل نہیں ہے

## کراچی ملک کا معاشی محور ہے، لوڈشیڈنگ شہر سمیت ملک کی معاشی ترقی وخوشحالی پر ضرب ہے

کراچی۔۔۔12، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی طویل دورانئے کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کو شہر سمیت ملک کی معاشی ترقی وخوشحالی پر کاری ضرب قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی ملک کا معاشی محور ہے اور لوڈشیڈنگ کی صورت میں اس کے جاری سلوک سراسر متعصّبانہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب شہر میں بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کے باعث صنعتیں اور کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہیں تو دوسری جانب مہنگائی میں اضافے کا بڑا سبب بھی بجلی کی لوڈشیڈنگ اور اس کے نرخوں میں بلا جواز اضافہ ہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں بجلی کا بحران عوامی قوت برداشت سے باہر ہوتا جارہا ہے اور وہ اس پر اپنے شدید احتجاج کا برملا اظہار بھی کررہے ہیں جس کا حکومتی سطح پر سنجیدگی سے نوٹس لیا جانا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے بلوں میں نت نئے ٹیکسوں کی بھرمار کے باعث عوام پہلے ہی ذہنی اذیت کا شکار ہیں جبکہ دوسری جانب بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں بجلی کے نظام کی بہتری اور ترسیل صحیح طریقے سے نہیں کررہی ہیں، ان کی نااہلی اور مجرمانہ غفلت سے عوام کو دوہری پریشانیوں کا سامنا ہے جبکہ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی جانب سے بحران سے نکلنے کیلئے کوئی ٹھوس او رمثبت اقدامات دیکھنے میں آرہے ہیں جو لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کا شمار عوام کی بنیادی ضروریات میں ہوتا ہے اور جب عوام اس سے ہی محروم رہینگے تو معاشی، اقتصادی اور سماجی بحران ہر شعبے میں خود بخود جنم لینگے اور اب ملک وقوم کو ان بحرانوں کا سامنا بھی کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی ترسیل اور فراہمی خدمت کے عمل کے طور پر لی جائے تو اس بحران سے نکلنا کوئی مشکل نہیں ہے اور حکومتی سطح پر عوامی خدمت کے معیار کو اولین ترجیح دی جانی چاہیئے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کے بحران کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور بنیادی عوامی ضروریات کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو فی الفور دور کرکے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

## معیاری تعلیمی نظام کسی بھی معاشرے کی ترقی اور لوگوں میں تحقیق وشعور کی نئی راہیں کھولتا ہے۔

## اے پی ایم ایس او پاکستان کے کسی بھی کونے میں علم کے بہتر فروغ کی ضمانت ہے۔ حق پرست ایم پی اے فہیم الطافی

## کا اے پی ایم ایس او میر پور خاص سیکٹر کے تحت ماڈل پری انٹری ٹیسٹ سے خطاب

کراچی۔۔۔12 اکتوبر 2010

حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم الطافی نے کہا ہے کہ کسی بھی معاشرے کی اہلیت وقابلیت کا اندازہ اس کے نظامِ تعلیم سے ظاہر ہوتا ہے کیونکہ جس معاشرے میں تعلیم کا معیار اعلیٰ ہوتا ہے وہی معاشرہ ترقی کرتا ہے اور لوگوں میں تحقیق وشعور کی نئی راہیں کھولتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن میر پور خاص سیکٹر کے تحت گورنمنٹ ماڈل کالج میر پور خاص میں منعقدہ فری ماڈل پری انٹری ٹیسٹ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جس کا بنیادی مقصد سندھ کی مختلف جامعات میں ہونے والے انٹری ٹیسٹ کے بارے میں طلباء کو آگاہی فراہم کرنا تھا۔ فہیم الطافی نے کہا کہ اے پی ایم ایس او نے ہمیشہ علم کے بہتر فروغ کے لیے عملی کاوشیں کی ہیں اور بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق طلباء کی فلاح و بہبود کے لیے کام کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ عام طور پر یہ تصور کیا جاتا ہے کہ اندرونِ سندھ کے طلباء پروفیشنل تعلیمی اداروں میں داخلوں کے طریقہ کار کے بارے میں نہیں جانتے اور اسی کم علمی کی وجہ سے وہ ان تک بہت مشکل سے رسائی حاصل کرپاتے ہیں لیکن آج اے پی ایم ایس او کے تحت ہونے والے اس کامیاب فری ماڈل پری انٹری ٹیسٹ نے یہ بات ثابت کردی ہے کہ اے پی ایم ایس او پاکستان کے کسی بھی کونے میں علم کے بہتر فروغ کی ضمانت ہے۔ انھوں نے ٹیسٹ کے کامیاب انعقاد پر اے پی ایم ایس او میر پور خاص سیکٹر کو سراہا اور انھیں مبارکباد پیش کی۔ فری ماڈل پری انٹری ٹیسٹ سے گورنمنٹ شاہ عبداللطیف کالج میر پور خاص کے پرنسپل ڈاکٹر سعید احمد نے ٹیسٹ کے فری اور کامیاب انعقاد پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور اے پی ایم ایس او کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سندھ کی مختلف جامعات میں ہونے والے داخلوں کے خواہشمند مختلف کالجز سے فارغ التحصیل طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد ٹیسٹ میں شریک تھی جبکہ مختلف کالجز کے اساتذہ کرام سمیت شعبۂ تعلیم سے وابستہ شخصیات بھی ٹیسٹ میں شریک تھے۔ علاوہ ازیں سیکٹر آرگنائزر سید عدیل صفری نے ٹیسٹ سے خطاب کرتے ہوئے ٹیسٹ میں شرکت کرنے والے معززین کا شکریہ ادا کیا۔

## متحدہ سوشل فورم کے ارکان کی عبداللہ شاہ غازی کے مزار پر حاضری
## قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی

کراچی۔۔۔12، اکتوبر 2010ء

متحدہ سوشل فورم کے جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین و دیگر ارکان نے منگل کو عبداللہ شاہ غازی کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ بعدازاں انہوں نے تحریک کے مشن و مقصد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 3 کے کارکن کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 3 کے کارکن ندیم احسان کی والدہ محترمہ رضیہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ W-4 کے کارکن عبدالجبار کے والد عبدالسلام، راولپنڈی زون ضلع چکوال یوسی بھون کے ڈسٹرکٹ انچارج لیاقت علی بٹ کے والد محمد بشیر بٹ، فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکن محمد مقصود رانا کی والدہ محترمہ نور بانو، گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 67/B کے کارکن فہیم عباس شہید کے بھائی انیس عباس اور لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن اور سابق ٹاؤن ناظم حمید کی ہمشیرہ کوثر پروین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆